# 29-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز ایک ہی وقت میں کئی ریلوے پراجکٹس کے ذریعہ تلنگانہ ریاست کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے۔

۲۔نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ریاست میں گرین انرجی کے استعمال کو 50 فیصد تک بڑھانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔

۳۔ریاستی وزیر سیتااکا نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت کے دو سال کے عرصہ میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے کئی اسکیمیں نافذ کی گئی ہیں۔

۴۔تلنگانہ میں پہلے مرحلہ کے پنچایت انتخابات کے لئے نامزدگیوں کی آخری تاریخ آج شام کے ساتھ ختم ہوگئی۔

NOMINATIONS

ریاست تلنگانہ میں پہلے مرحلہ کی پنچایت انتخابات کے لئے نامزدگیوں کی آخری تاریخ آج شام کے ساتھ ختم ہوگئی۔ نامزدگیوں کی جانچ کے لئے انتظامیہ نے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ حکام نامزدگیوں کی جانچ کر کے درست امیدواروں کی فہرست تیار کریں گے۔ مسترد نامزدگیوں پر امیدواروں کو سب کلکٹر کے سامنے اپیل کرنے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ 3 دسمبر تک امیدواروں کو اپنی نامزدگیاں واپس لینے کی اجازت ہوگی۔ اس کے بعد مقابلہ میں موجود سرپنچ امیدواروں اور وارڈ ممبر امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔ ریاستی الیکشن کمیشن کے مطابق اس مرحلہ میں 4,236 سرپنچ اور 37,440 وارڈ ممبران کے عہدوں کے لئے انتخابات منعقد ہوں گے۔

SPORTS COMPETITIONS FOR DISABLED

3 دسمبر کو منائے جانے والے بین الاقوامی یومِ معذورین کے موقع پر ڈسٹرکٹ ویلفیر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے آج کوتہ گوڑم میں معذورافراد کے لئے کھیل کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ان مقابلوں میں پہلی مام حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کوحیدرآباد میں معذورین ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے چلائی جارہی اسپیشل اسپورٹس اکیڈمی میں بین الاقوامی سطح کے مقابلوں کے لئے خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی،جس کا اعلان ڈسٹرکٹ ویلفیئر آفیسر سورن لتا نے کیا۔اسی طرح سنگاریڈی ضلع میں بھی ضلع سطح کے معذورین کے اسپورٹس مقابلے منعقد کیے گئے۔اس موقع پرضلع کلکٹر پراونیا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معذورافراد ہرشعبہ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔مقابلوں کے اختتام پر بہتر مظاہرین میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

YADADRI BHONGIR

یادادری بھونگیرضلع میں پہلے مرحلہ کے پنچایت انتخابات کے سلسلہ میں چھ منڈلوں کی 153 گرام پنچایتوں میں پولنگ منعقد ہورہی ہے جس کی اطلاع کلکٹر بھاسکر راؤ نے دی۔انہوں نے بتایا کہ ہر 5 سے 6 دیہاتوں کے لئے ایک کلسٹر کے طور پر نامزدگی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آج بینک ہالی ڈے ہونے کی وجہ سے وارڈ ممبر کے طور پر نامزدگی داخل کرنے والے امیدواروں کو پیر تک بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات جمع کرنے کی مہلت دی گئی ہے۔

deeksha divas

تلنگانہ ریاست کے حصول کے لیے بی آر ایس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے۔ چندر شیکھر راؤ کی جانب سے کئے گئے مرن برت کی یاد میں آج پارٹی کی جانب سے ریاست بھر میں دکشا دیوس منایا جا رہا ہے۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ 2009 میں اسی دن کے چندر شیکھر راؤ کی بھوک ہڑتال نے تلنگانہ کو علیحدہ ریاست کے طور پر قائم کرنے کی راہ ہموار کی تھی۔ سابق وزیر اور بی آر ایس کے سینئر قائد ہریش راؤ نے کہا کہ کے سی آر کے اس مرن برت نے تحریک تلنگانہ کو نئی سمت دی اور جدوجہد میں فیصلہ کن موڑ ثابت ہوئی۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری آر ایس پروین کمار نے کہا کہ کے سی آر کی جدوجہد کا ہی نتیجہ ہے کہ تلنگانہ وجود میں آیا۔ انہوں نے یاد دلایا کہ 9 سالہ بی آر ایس حکومت میں ہزاروں غریب طلبہ نے گُروکل اسکولوں میں تعلیم حاصل کر کے اعلیٰ مقام حاصل کیا۔

Gender Determination Test

راجنا سرسلہ ضلع کے محکمہ صحت کی عہدیدار ڈاکٹر رجیتا نے کہا ہے کہ جنس کا پتہ چلانے کا معائنہ کرنا ایک سنگین جرم ہے۔ آج راجنا سرسلہ ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلت ڈپارٹمنٹ کے دفتر میں منعقدہ PCPNDT اڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر کوئی جنس کا پتہ چلانے کا ٹسٹ کرتا ہوا پایا جائے تو اس پر تین سال قید اور دس ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

Sound Byte.

Kazipet - Kishan Reddy

مرکزی وزیرکوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز ایک ہی وقت میں کئی ریلوے پراجکٹس کے ذریعہ تلنگانہ ریاست کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ قاضی پیٹ ریلوے کوچ فیکٹری کے کام 75 فیصد مکمل ہو چکے ہیں اوراس پراجکٹ کو آئندہ سال تک مکمل کرنے کا نشانہ ہے۔اس فیکٹری کے ذریعہ مقامی نوجوانوں کو براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے وسیع مواقع حاصل ہوں گے۔انہوں نے  ساوتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستواور دیگرعہدیداروں کے ساتھ قاضی پیٹ میں ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ عوام کا دیرینہ خواب پورا ہونے جارہا ہے۔ 2023 میں وزیراعظم نے قاضی پیٹ میں ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ کا سنگِ بنیاد رکھا تھا اور کام تیزی سے جاری ہیں۔521  کروڑ روپے کی لاگت سے ریل وکاس نگم لمیٹڈ اس پراجکٹ کو عمل میں لا رہا ہے۔ کشن ریڈی نے ریلوے کوچ فیکٹری میں مختلف شعبوں میں جاری تعمیراتی کاموں کی تفصیلات حاصل کیں۔انہوں نے بتایا کہ آر ایم یو میں 16  کوچز پر مشتمل ایم ای ایم یو ریکس تیار کرنے کی تجویز ہے۔آنے والی ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ جدید ترین ٹکنالوجی سے لیس ہوگی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں تلنگانہ میں ریلوے انفراسٹرکچر تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ وندے بھارت ٹرینس، نئی ٹرینیں، امرت اسٹیشن  اورکاوچھ جیسے جدید نظام تیزی سے نافذ ہورہے ہیں۔ اس سے قبل کشن ریڈی نے ورنگل ریلوے اسٹیشن کا بھی معائنہ کیا اور وہاں مسافروں کوفراہم کی جارہی سہولیات کا جائزہ لیا۔تلنگانہ میں جاری ریلوے ترقیاتی کاموں پر بات کرتے ہوئے انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔

Sound Byte.

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی کل آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 128 واں اپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ اس کے علاوہ ایر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او، اطلاعات ونشریات کے محکمہ ذریعہ یوٹیوپ چینل میں بھی من کی بات پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت کے دو سال کے عرصہ میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے کئی اسکیمیں نافذ کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دور حکومت میں مختلف پروجکٹس اور سرمایہ کاری ریاست میں لائی جارہی ہیں اور ان کی معلومات عوام تک پہنچانے کیلئے 10 روزہ عوامی انتظامیہ دن منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بی آر ایس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی سازش یہی ہے کہ اس 10 روزہ پروگرام کو روکنے کیلئے دِکشا دیوس منایا جائے۔

Medaram Jathara

مرکزی وزیر کوئلہ ومعدنیات جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ میڈارم جاترا کو قومی درجہ دینا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملک میں کسی بھی تہوار کو قومی درجہ حاصل نہیں ہے، تاہم میڈارم جاترا کی ترقی کیلئے تمام اقدامات کئے جارہے ہیں۔ یہ بیان انہوں نے آج ہنمکنڈہ میں ہزار ستون کے مندر کا دورہ کرنے کے موقع پر دیا۔ وزیر نے کہا کہ مرکزی حکومت ورنگل کو خاص اہمیت دے رہی ہے اور ہیریٹیج سٹی اور اسمارٹ سٹی کیلئے فنڈس فراہم کئے گئے ہیں۔

Tummala

کھمم شہر میں 24 گھنٹے پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں، یہ بات ریاستی محکمہ زراعت کے وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہی۔آج کھمم کے دورہ کے دوران وزیر نے 50.25 لاکھ روپے لاگت سے شروع ہونے والے سی سی سڑک تعمیراتی کام کی بنیاد رکھی۔اس موقع پر وزیر نے کہا کہ ہر شہری کو کھمم ٹاؤن کو صاف ستھرا رکھنے میں ذمہ داری کے ساتھ حصہ لینا چاہئے۔انہوں نے مزید کہا کہ امرت اسکیم کے تحت کھمم میونسپلٹی کیلئے 220 کروڑ روپے فراہم کئے گئے ہیں اور عہدیداروں اور عوامی نمائندوں کو مل کر ضروری کاموں کی ڈی پی آر تیار کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Bhatti

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ تلنگانہ کو 2047 تک تین ٹریلین ڈالر معیشت کے طور پر ترقی دینے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں گرین انرجی کے استعمال کو 50 فیصد تک بڑھانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔آج انہوں نے موجودہ بجلی کی صورتحال اور مستقبل کی توانائی کی ضروریات پر ایک پاور پوائنٹ پریزنٹیشن پیش کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ 2047 تک تین کھرب ڈالر کی معیشت حاصل کرنے کے لیے برقی کی پیداوار کو مناسب حد تک بڑھانا ضروری ہے۔انہوں نے بتایا کہ پچھلے دس سالوں میں گرین انرجی اسٹوریج کے شعبہ میں ریاست پیچھے رہی ہے اور اسے دور کرنے کے لیے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جلد ہی حیدرآباد عالمی ہب کے طور پر ابھرے گا، جس کے لیے مضبوط اور مسلسل بجلی کی فراہمی ناگزیر ہوگی۔

Sound Byte.

OO